دوسری سہ ماہی	جماعت: پنجم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 1
اُستاد کا نام: ________	ہفتہ: 2	تاریخ: ________	وقت: 40 منٹ

باب سوم: ریاست اور حکومت	سبق کا نام: ریاست اور حکومت

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آئین کی اہمیت کا تجزیہ کر سکیں۔
- 1973ء کے آئین کے مطابق شہریوں کے حقوق اور ذمے داریوں پر تبادلہ خیال کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- پورے ملک کی نگران کون سی حکومت ہوتی ہے؟
- وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے اختیارات کے بارے میں بتائیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 28 تا 29 متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آئین یا دستور قوانین کا مجموعہ ہوتا ہے جس کے مطابق ملک یا ریاست کا نظم و نسق چلایا جاتا ہے۔
- طلبہ کو آئین کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے بتائیں کہ مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کو اختیارات آئین دیتا ہے تاکہ وہ اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے اپنے افعال سرانجام دے سکیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آئین کے مطابق شہریوں کے کچھ حقوق ہوتے ہیں جو بلا امتیاز سب کے لیے برابر ہوتے ہیں۔
- طلبہ سے شہریوں کے حقوق اور ذمہ داریوں پر بات چیت کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اس وقت ملک میں ۱۹۷۳ء آئین نافذ ہے۔
- طلبہ سے کہیں کہ تختہ تحریر سے دیکھتے ہوئے ان حقوق اور ذمہ داریوں کی فہرست بنائیں جو حقوق انھیں حاصل ہیں اور جو ذمہ داریاں وہ پوری کرتے ہیں۔
- طلبہ کو شہریوں کی ذمہ داریوں سے بھی آگاہ کریں۔

اعادہ 3 منٹ

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

جائزہ: **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

آئین کی اہمیت کیا ہے؟

شہریوں کے حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق بتائیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

سبقی منصوبہ بندی2	مضمون: معاشرتی علوم	جماعت: پنجم	دوسری سہ ماہی
وقت: 40منٹ	تاریخ: ________	ہفتہ: 2	اُستاد کا نام: ________

سبق کا نام: ریاست اور حکومت	باب سوم: ریاست اور حکومت

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- غیر منصفانہ اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف قانون کی بالادستی کی اہمیت بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- آئین کی کیا اہمیت ہے؟
- پاکستان میں اس وقت کون سا آئین لاگو ہے؟
- شہریوں کے حقوق بتائیں۔

ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 29 سے متن "قانون کی بالادستی کی اہمیت" کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ملک کے تمام قوانین آئین کی روشنی میں مرتب کیے جاتے ہیں۔
- قانون کی نظر میں تمام شہری برابر ہوتے ہیں۔
- ملکی قوانین تمام شہریوں پر یکساں لاگو ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو آگاہ کریں کہ ایک مہذب معاشرے میں ہر شخص اپنے ملک کے قوانین کی پابندی کرتی ہے۔ اسی میں سب کی بھلائی ہوتی ہے۔

اعادہ 3منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

پڑھائے گئے سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

دوسری سہ ماہی	جماعت: پنجم	مضمون: معاشرتی علوم	سبقی منصوبہ بندی 3
اُستاد کا نام:________	ہفتہ: 2	تاریخ:________	وقت: 40 منٹ

باب سوم: ریاست اور حکومت	سبق کا نام: ریاست اور حکومت

مقاصد:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:
- جمہوری نظام میں سیاسی جماعتوں کے افعال بیان کر سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

بچوں سے کہیں کہ آج وہ سبق ''حکومت'' پڑھیں گئے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- حکومت قائم کرنے کے لیے کیا ضروری ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 29 سے متن کی پڑھائی کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر ملک میں مختلف سیاسی جماعتیں ہوتی ہیں۔ ہر سیاسی جماعت کا اپنا خاص نظریہ اور منشور ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پاکستان میں جمہوری طرز حکومت قائم ہوتی ہے اور جمہوری نظام حکومت کے لیے انتخابات کروائے جاتے ہیں۔ ان انتخابات میں سیاسی جماعتیں حصہ لیتی ہیں اور انتخابات کے عمل سے گزر کر حکومت قائم کرتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ سیاسی جماعتیں کیا ہوتی ہیں۔ یہ کس طرح بنتی ہیں اور ان کے کیا افعال ہوتے ہیں۔
- تختہ تحریر پر سیاسی جماعتوں کے افعال کی ایک فہرست بنائیں۔
- حکومت قائم کرنے کے لیے عوام کی رائے لیتی ہیں۔
- اپنے منشور کے مطابق کام کرتی ہیں۔
- حکومت قائم کرنے کے بعد ملک و قوم کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرتی ہیں۔
- بین الاقوامی سطح پر ملک کی نمائندگی کرتی ہیں۔

اعادہ **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

جائزہ: **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: سیاسی جماعتیں کیا ہوتی ہیں۔ یہ کس طرح بنتی ہیں اور ان کے کیا افعال ہوتے ہیں؟

گھر کا کام: **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔